
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 3 نومبر 2025

# ہر 10 میں 8 سے زائد (83%) پاکستانیوں نے حالیہ سیلاب کے بعد روزمرہ استعمال کی اشیاء جیسےکہ آٹا ، پیاز، ٹماٹر وغیرہ کی قیمتوں میں ایک بڑا اضافہ محسوس کیا ہے ، جبکہ صرف 7% نے قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہ آنے کا بتایا۔






کیا آپ نے حالیہ سیلاب کے بعد روزمرہ استعمال کی اشیاء جیسا کہ آٹا ، پیاز، ٹماٹر وغیرہ کی قیمتوں میں اضافہ محسوس کیا ہے ؟

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

سیلاب کے بعد قیمتوں پر اثرات

## ہر 10 میں 8 سے زائد (83%) پاکستانیوں نے حالیہ سیلاب کے بعد روزمرہ استعمال کی اشیاء جیسے کہ آٹا، پیاز، ٹماٹر وغیرہ کی قیمتوں میں ایک بڑا اضافہ محسوس کیا ہے ، جبکہ صرف 7% نے قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہ آنے کا بتایا۔

**(گیلپ&گیلانی سروے)**


(اسلام آباد) ،03 نومبر 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں 8 سے زائد (83%) پاکستانیوں نے حالیہ سیلاب کے بعد روزمرہ استعمال کی اشیاء جیسے کہ آٹا، پیاز، ٹماٹر وغیرہ کی قیمتوں میں ایک بڑا اضافہ محسوس کیا ہے، جبکہ صرف 7% نے قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہ آنے کا بتایا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" کیا آپ نے حالیہ سیلاب کے بعد روزمرہ استعمال کی اشیاء جیسا کہ آٹا، پیاز، ٹماٹر وغیرہ کی قیمتوں میں اضافہ محسوس کیا ہے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 83% پاکستانیوں کے مطابق "ہاں" حالیہ سیلاب کے بعد اُنھوں نے روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں "بہت زیادہ" اضافہ محسوس کیا ہے ، 8% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں، تھوڑا بہت" اضافہ محسوس کیا ہے، 7% پاکستانیوں کے مطابق "نہیں" حالیہ سیلاب کے بعد اُنھوں نے روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں "کوئی اضافہ محسوس نہیں" کیا، جبکہ 2% جوابدہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا یا اُنھوں نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ نتائج واضح کرتے ہیں کہ پورے ملک میں یہ مضبوط تاثر پایا جاتا ہے کہ سیلاب کے باعث کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں، جس سے گھریلو سطح پر معاشی دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ صورتحال قدرتی آفات کے بعد قیمتوں کو مستحکم کرنے اور غریب و متاثرہ افراد کے تحفظ کے لیے فوری پالیسی اقدامات کی ضرورت کو اُجاگر کرتی ہے۔

**" کیا آپ نے حالیہ سیلاب کے بعد روزمرہ استعمال کی اشیاء جیسا کہ آٹا، پیاز، ٹماٹر وغیرہ کی قیمتوں میں اضافہ محسوس کیا ہے ؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 753 خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 3rd November 2025**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)